30/06/2025
12.30 PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
اب آپ **اعجازہ اختر** سے خبریں سُنئے

**یاترا**
تین جولائی سے شروع ہونے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے لئے تمام انتظامات مکمل کئے جا چکے ہیں ۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل نن ون میں یاتری کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے وہاں یاتریوں کی سہولت کے لئے تعمیر کئے گئے فوٹ برج کا افتتاح کیا ۔ لیفٹیننٹ گورنر نے نن ون یاتری نواس میں قائم کئے جا رہے ڈزاسٹر منیجمنٹ سینٹر پر جاری کام کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا ۔ شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کے CEO ڈاکٹر مندیپ کمار بھنڈاری کے علاوہ سول اور پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ افسران ان کے ہمراہ تھے ۔

**جاوید احمد رانا**
جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لینے کی خاطر بال تل کا دورہ کیا ۔ انہوں نے منی گام ، بال تل بنیادی کیمپ اور دومیل میں یاتریوں کے لئے دستیاب کی جا رہی سہولیات کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی ۔ جاوید احمد رانا نے یاترا کے راستوں پر پینے کے پانی کی معقول سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔ انہوں نے مختلف محکموں اور متعلقہ ایجنسیوں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت پر بھی زور دیا اور کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار کامیاب اور پُر امن یاترا کو یقینی بنانے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ گاندربل کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

**وزیر خارجہ**
وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر QUAD وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کے لئے امریکی وزیر خارجہ Marco rubio کی دعوت پر آج سے امریکہ کے تین روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا کہ QUAD گروپنگ آزادہند-بحرالکاہل کے لئے مشترکہ نظریے کو آگے بڑھانے کے لئے نئی تجاویز پر اپنی توجہ مرکوز کرے گی۔ قابل ذکر بات ہے کہ پہلگام حملے کے بعد QUAD وزراءکی یہ پہلی میٹنگ ہوگی۔ڈاکٹر جے شنکر آج نیویارک میں واقع اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں The Human Cost of Terrorism کے موضوع پر ایک Exhibition کا بھی افتتاح کریں گے۔

**فوج**
فوج نے وادی میں دراندازی اور کچھ ملی ٹنٹوں کے مارے جانے کے بارے میں کئی میڈیا اداروں کی جانب سے چلائی جا رہی خبروں کو بے بنیاد قرار دیا ہے ۔ فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ ان بے بنیاد خبروں میں فوجی ذرائع کا حوالہ دیا جا رہا ہے تاہم فوج نے اس بارے میں کسی بھی طرح کا کوئی بیان جاری نہیں کیا ہے ۔ ترجمان نے کہا ہے کہ ایک شخص کو گرفتار کیا گیا ہے ۔ ترجمان نے میڈیا اداروں سے کہا ہے کہ وہ غیر تصدیق شدہ خبروں کی ترسیل سے احتراز کریں ۔

**محرم**
آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی چوتھی تاریخ ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں نواسہ

رسول ﷺ حضرت امام حسین ؓ اور انکے اصحاب و اولاد نے کر بلا کے میدان میں صبر و ‌‌‌ؑ استقامت کا مظاہرہ کر کے اپنی جانینقربان کیں نیز دین اسلام اور سچائی کا دفاع کیا ۔ اس طرح شہدائے کر بلا نے اپنے مقدس لہو سے اسلام کے گلشن کو سینچا ۔کربلا کے شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے دنیا بھر میں عزاداری کے جلوسوں اور مرثیہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جا ری ہے۔ وادی میں بھی محبانِ حسین ؓ عزاداری کی مجلسوں کا انعقاد کر کے شہدائے کربلا کے تئیں اپنی عقیدت اور محبت کا اظہار کرتے ہیں ۔

----Salam----

**بانڈی پورہ**

سوچھتا تہوار کے تحت بانڈی پورہ میں میونسپل کونسل کے اہتمام سے ایک ریلی کا اہتمام کیا گیا جس میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی ۔ ریلی کے شرکاءنے ماحول کی پاکیزگی کے ساتھ ساتھ آس پاس کے علاقوں کی صفائی ستھرائی کی اہمیت کو اجا گر کیا ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے میونسپل کونسل کے چیف ایگزیکیوٹیو آفیسرنے کہا کہ اس عمل میں ہر شہری کو اپنا رول ادا کرنا چاہئے ۔

**نشریات**

آکاشوانی نے شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں خصوصی نشریات کا اہتمام کیا ہے ۔ نشریات کے دوران یاتریوں اور سامعین تک بھکتی سنگیت ، بھجن اور یاترا سے متعلق خصوصی بات چیت کے علاوہ یاترا کے راستوں اور موسم سے متعلق ضروری جانکاری پہنچائی جائے گی ۔ یہ پلیٹ WAVES OTTایپ ، News On AIRبینڈ 103.7 ، FM خصوصی نشریات آکاشوانی کے اور دور درشن کی آرادھنا چینل پر سنی جا سکیں گی ۔ نشریات کا آغاز تین جولائی DTHفارم ، سے ہو گا اور یہ 9 اگست تک جاری رہیں گی ۔اس دوران یہ خصوصی پروگرام صبح ساتھ بجے سے شام چھ بجے تک نشر کئے جائیں گے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ